مطالعہ کی میز پر

تبصرہ نگار
محمد رمضان یوسف سلفی
فیصل آباد

[illegible] (ادارہ)

اسلامی عقائد

مصنف: فضیلۃ الشیخ العلامۃ الحافظ ابن احمد الحکمی

ترجمہ: مولانا مختار احمد ندوی

تحقیق و تخریج: محمد سرور عاصم

صفحات: 280، قیمت: 120 روپے

ناشر: مکتبہ اسلامیہ بالمقابل شیل پٹرول پمپ بیرون امین پور بازار فیصل آباد فون: 631204

صحیح اسلامی عقائد پر عمل پیرا ہو کر زندگی گزارنا بڑی خوش بختی کی بات ہے۔ کیونکہ عقیدہ ایک بنیادی چیز ہے اور اسے اسلام میں بہت زیادہ اہمیت حاصل ہے۔ اگر عقیدہ درست ہے تو معاملہ ٹھیک سمجھئے اور اگر عقیدے میں خرابی ہے تو پھر مسئلہ انتہائی خراب ہے۔ نبی علیہ السلام نے نبوت کے بعد مکہ مکرمہ میں 13 سال کا عرصہ اصلاح عقائد میں صرف کیا۔ اس سے اس معاملے کی نوعیت کا بخوبی اندازہ کیا جاسکتا ہے۔

امر واقعہ یہ ہے کہ ہم جس دور ظلمت میں رہ رہے ہیں، اس معاشرے میں لوگوں میں بہت سی ایسی غیر اسلامی رسوم و عوائد اور عقائد نے گھر کر لیا ہے۔ جو سراسر اسلام کے منافی ہے۔ لوگ توحید کی بجائے شرک کی پرخار راہوں پر چل نکلے ہیں، سنت نبوی پر عمل پیرا ہونے کی بجائے انہوں نے بدعات کو اوڑھنا بچھونا بنالیا ہے۔

زیر تبصرہ کتاب میں اسی طرح کی بے راہ روی کو پیش نگاہ رکھ کر صحیح اسلامی عقائد سے متعلق قرآن و حدیث کی روشنی میں مدلل گفتگو کر کے مسائل کی وضاحت کی گئی ہے۔ مصنف نے پہلے ایک مسئلہ پر سوال قائم کیا ہے اور پھر اس مسئلے پر تفصیلی بحث کی ہے۔ کتاب میں کوئی 200 عنوانات ہیں ان میں جو زیادہ قابل توجہ ہیں ان میں، ایمان، اسلام عبد کا معنی، عبادت کا مفہوم، قربت الٰہی کی علامات، ایمان باللہ، ایمان بالرسل، ایمان بالملائکۃ، توحید، سنت، اتباع رسول، توحید ربوبیت، توحید الوہیت، توحید اسماء وصفات، نماز، روزہ، حج، زکوۃ، پل صراط، جنت، جہنم، میدان حشر، میزان عدل، اور حوض کوثر سے متعلق سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔ اصل کتاب عربی زبان میں تھی اس کا نہایت سلیس اور شگفتہ اردو میں ترجمہ مولانا مختار احمد ندوی کے قلم سے ہے۔ کتاب میں درج احادیث کی تحقیق و تخریج نوجوان عالم دین مولانا محمد سرور عاصم صاحب نے کی ہے۔ اس سے کتاب کی افادیت میں اضافہ ہوگیا ہے۔ مکتبہ اسلامیہ کی طرف سے اس کتاب کا یہ نقش ثانی ہے جو بہت سی خوبیوں سے آراستہ کر کے منصۂ شہود پر لایا گیا ہے۔

کتاب کی کمپوزنگ، کاغذ، طباعت، جلد بندی اور ٹائٹل کے سلسلے میں اعلیٰ طباعتی معیار کو ملحوظ رکھا گیا ہے۔ اصلاح عقائد کے لئے اس کتاب کا مطالعہ نہایت مفید ہے۔

امام کے پیچھے سورۃ فاتحہ کے دلائل

مصنف: مناظر اسلام مولانا محمد رفیق خاں پسروری رحمۃ اللہ علیہ

صفحات: 40

قیمت: درج نہیں

ناشر: مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان

حضرت مولانا محمد رفیق خاں پسروری جماعت اہلحدیث کی بلند پایہ علمی شخصیت تھے۔ وہ جید عالم، اونچے درجے کے خطیب اور منجھے ہوئے تجربہ کار مصنف و محقق تھے۔ انہوں نے وعظ و تقریر، تحریر و تصنیف اور مناظروں کے ذریعے خدمت اسلام کا فریضہ ادا کیا اور مسلک اہلحدیث کے فروغ میں لومۃ لائم کی پروا کئے بغیر حق بات کو لوگوں تک پہنچایا۔

زیر تبصرہ کتاب ان کی نایاب و نادار تحقیقی کاوش ہے۔ اس میں انہوں نے قرآن و سنت سے امام کے پیچھے سورہ فاتحہ پڑھنے کے دلائل پیش کئے ہیں۔ اور ساتھ ہی احناف کی عدم فاتحہ خلف الامام کی دلیلیں نقل کر کے ان کا علمی رد کیا ہے۔ کتاب